104492-زنا کی بنا پر کنواہ پن کھونے کے بعد حرام تعلقات سے توبہ

سوال

میرے ایک ایسے نوجوان سے تعلقات تھے جس نے میرا کنوارہ پن ختم کر دیا تھا، اوراب میں کنواری نہیں رہی، میں اب اس فعل سے توبہ کر چکی ہوں اوراللہ سے دعا ہے کہ وہ میری توبہ قبول فرمائے، اوراس نوجوان نے مجھے شادی کا پیغام بھیجا ہے لیکن وہ اسلامی تعلیمات کا پابند نہیں، بلکہ کسی بھی نوجوان کی طرح حشیش اور شراب اور سگرٹ نوشی کرتا ہے.

اس نے میرے ساتھ جو کچھ کیا ہے اس کی وجہ سے میرے لیے زیادہ بہتر ہے اب میں کیا کروں، یا میں اسے چھوڑ کر آپریشن کے ذریعہ بکارت کا پردہ صحیح کروا کر کسی اور نوجوان سے شادی کر لوں جو اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے والا ہو؟

یہ علم میں رہے کہ میں اس زنا سے حاملہ بھی تھی اور حمل ضائع کروادیا تھا، میری توبہ کی سچائی کا اللہ کو ہی علم ہے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

زنا کبیرہ گناہ ہے اوراللہ سبحانہ وتعالی نے زنا تک لے جانے والے سب اسباب بھی حرام کیے ہیں، اس کا مرتکب ہونے والے کے لیے حد لگانا مشروع کی اور آخرت زانیوں کو عذاب کی وعید سنائی گئی ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم زنا کے قریب بھی نہ جاؤ یقینا یہ بہت بڑی بے حیائی ہے اور بہت ہی بری راہ ہے}.الاسراء (32).

ابن جریر طبری رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"لا تقربو" اے لوگو قریب مت جاؤ.

زنا کے قریب مت جاؤ یقینا یہ بہت بڑی بے حیائی ہے"

اللہ تعالی فرمارہے ہیں یہ زنا بہت بے حیائی ہے.

اور بہت بری راہ ہے.

اللہ تعالی فرمارہے ہیں : زنا کی راہ بہت بری راہ ہے؛ کیونکہ یہ اللہ تعالی کی معصیت ونافرمانی کرنے والوں کی راہ ہے، اوراللہ کے حکم کی مخالفت کرنے والوں کی راہ ہے اس لیے یہ بہت بری راہ ہے جس پر چلنے والے کو جہنم میں دھکیل دیتی ہے.

دیکھیں : تفسیر الطبری (438/17).

شیخ عبد الرحمن سعدی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"زنا کے قریب نہ جانے کی نہی مجرد زنا کے ارتکاب کی نہی سے زیادہ بلیغ ہے؛ کیونکہ یہ نہی زنا کے تمام اسباب اور دواعی کی نہی کو شامل ہے کیونکہ :

(جو چراگاہ کے ارد گرد گھومتا ہے خدشہ ہے کہ وہ اس کے اندر بھی چلا جائیگا) خاص کر اس معاملہ میں جس کا داعی اکثر نفوس میں بہت قوی ہے، اور اللہ سبحانہ و تعالی نے زنا اور اس کی قباحت کا وصف بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے : " یہ بہت ہی بڑی فحاشی ہے " یعنی یہ شرع اور عقل اور فطرت میں بھی قبیح اور برا سمجھا جاتا ہے، کیونکہ یہ اللہ کے حق کے خلاف جرات ہے، اور اسی طرح عورت کا حق بھی اور عورت کے اہل و عیال یا اس کے خاوند کے حق کے خلاف ہے، اور پھر بستر خراب کرنا اور نسب میں اختلاط کا باعث ہے، اس کے علاوہ کئی ایک خرابیوں کا باعث ہے.

اور فرمان باری تعالی :

اور یہ بہت ہی بری راہ ہے :

یعنی وہ راہ جو اس عظیم گناہ پر جرات کرنے کی راہ ہے وہ بہت ہی برا راہ ہے.

دیکھیں : تفسیر السعدی (457).

اور آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (76060) اور (20983) اور (95754) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

دوم :

حمل ضائع کرانے کے متعلق یہ ہے کہ : اگر تو بچے میں روح پھونکی جا چکی تھی تو یہ جرم زنا کے علاوہ ایک اور جرم ہے، لیکن اگر اس میں ابھی روح نہیں پھونکی گئی تھی تو معاملہ کچھ آسان ہے.

اس کی تفصیل آپ سوال نمبر (11195) اور (13319) اور (13331) اور (90054) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

سوم :

ہم اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے آپ کو توبہ کرنے کی توفیق نصیب فرمائی، اور ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کی توبہ سچی اور پکی ہو، سچی توبہ کی شروط میں یہ شامل ہے کہ :

جو جرم کیا ہے اس پر انسان نادم ہو.

اور فوری طور پر اس فحاشی کو چھوڑنا.

اور ہر اس سبب سے ہٹنا جو اس فحاشی کی طرف لے جائے، چاہے وہ ٹیلی فون ہو یا خط و کتاب، یا وعدے.

اوراسی طرح توبہ کی شروط میں یہ بھی شامل ہے کہ :

آئندہ اس کام کی طرف نہ لوٹنے کا عزم کیا جائے.

اس کے علاوہ آپ زیادہ سے زیادہ اعمال صالحہ کریں نماز روزہ اور قرآن مجید کی تلاوت زیادہ سے زیادہ کریں تا کہ ایمان میں قوت پیدا ہو اور آپ کے نفس میں تقوی پیدا ہو سکے.

اور نیکیاں برائیوں کو ختم کر دیتی ہیں، اور سچی توبہ پہلے سارے گناہوں کو ختم کر دیتی ہے، اور برائیاں نیکیوں میں بدل دی جاتی ہیں.

اللہ سبحانہ وتعالی نے شرک جیسے جرائم کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا ہے :

{سوائے ان لوگوں کے جو توبہ کریں اور ایمان لائیں اور نیک کام کریں، ایسے لوگوں کے گناہوں کو اللہ تعالی نیکیوں میں بدل دیتا ہے، اور اللہ بخشنے والا مہربانی کرنے والا ہے}.الفرقان (67-70).

چہارم :

رہا آپ کا اس مجرم سے شادی کرنے کا مسئلہ :

تو آپ کو علم ہونا چاہیے کہ زانی مرد اور زانی عورت کی شادی صحیح ہونے کی شرط میں سچی توبہ شامل ہے اور آپ کے سوال سے جو ظاہر ہوتا ہے کہ اس نوجوان نے اپنے فعل سے توبہ نہیں کی، بلکہ وہ اپنی اس پہلی بیماری سے اور زیادہ بیماریوں میں پڑ گیا ہے اس کی حالت بری ہو چکی ہے، وہ حشیش اور نشہ کرنے کا عادی ہے، اور ہمارے خیال کے مطابق اور ایسا ہی ہے جو اس حالت میں ہو وہ نماز کا پابند نہیں ہوتا، اگر ہمارا یہ خیال سچا ہے تو پھر یقینا اس شخص سے شادی کرنا جائز نہیں، اور نہ ہی اسے بطور خاوند قبول کرنا جائز ہوگا؛ کیونکہ نماز ترک کرنا کفر اور اسلام سے خروج کا باعث ہے، اور کسی مسلمان عورت کا کافر سے نکاح حلال نہیں.

زانی کے ساتھ نکاح کے مسئلہ میں قول کی تفصیل آپ سوال نمبر (85335) اور (87894) اور (96460) کے جوابات میں دیکھ سکتی ہیں.

پنجم :

پردہ بکارت یعنی کنوارہ پن پیدا کرنے کا آپریشن کرانے کے متعلق گزارش ہے کہ ایسا کرنا حرام ہے، اس میں دھوکہ اور خاوند کے لیے فراڈ ہے جو آپ کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہے.

اس مسئلہ کی تفصیل آپ سوال نمبر (844) کے جواب میں دیکھ سکتی ہیں.

اور اس حرام تعلق کی بنا پر آپ کی بکارت زائل ہونے کا خاوند کو بتانا جائز نہیں؛ کیونکہ اس میں اپنے آپ کو رسوا کرنا ہے، اور مسلمان کو حکم ہے کہ وہ اپنے آپ پر پردہ ڈالے، آپ کے لیے اپنی کلام میں توریہ کرنا ممکن ہے، اور یہ معروف ہے کہ بعض اوقات پردہ بکارت جماع کے بغیر بھی زائل ہو جاتا ہے، اس لیے اسے توریہ میں بیان کرنا ممکن ہے.

اس کے لیے آپ سوال نمبر (42992) کے جواب میں دیکھ سکتی ہیں.

اس شرط پر کہ اس شخص کو سچی توبہ کرنے کی نصیحت کی جائے، اور نماز کی پابندی کرنے کا کہا جائے، اگر وہ اس میں کوشش کرے اور اس کی حالت سے سچائی ظاہر ہو اور اس نے توبہ ظاہر کی اور نماز کی پابندی کرنے لگے تو اسے بطور خاوند قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں؛ اور بلاشک وشبہ یہ حل آپ کے زیادہ آسان اور پردہ کا باعث ہے، لیکن کون ہے جو اس کی صدق و

سچائی بیان کرے ؟!

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کی توبہ قبول فرمائے ، اور آپ کے معاملے کی اصلاح کرے ، اور ہم اور آپ پر دنیا و آخرت میں پردہ پوشی کرے .

واللہ اعلم.